پنجاب لائیوسٹاک اینڈ ڈیری ڈویلپمنٹ بورڈ

اشتہار برائے 100 ایکڑ برسیم کی کھڑی فصل کی نیلامی

لائیوسٹاک ایکسپیریمنٹ اسٹیشن خضر آباد، سرگودھا میں 100 ایکڑ رقبہ پر کاشت شدہ برسیم کی کھڑی فصل کی نیلامی منعقد کی جا رہی ہے۔

تفصیلات نیلامی:

فصل: برسیم - کل رقبہ: 100 ایکڑ (20 لاٹس، ہر لاٹ 5 ایکڑ پر مشتمل ہو گی)۔
یہ نیلامی 30 نومبر 2026ء کو صبح 11:00 بجے بمقام تجرباتی لائیوسٹاک فارم خضر آباد، سرگودھا منعقد ہو گی۔ اگر پہلی نیلامی میں برسیم فروخت نہ ہو سکے یا مناسب قیمت وصول نہ ہو تو دوسری نیلامی 02 دسمبر 2026ء اور تیسری نیلامی 04 دسمبر 2026ء کو دن 11:00 بجے اس مقام پر منعقد ہو گی۔

1. ہر بولی دہندہ کے لیے مبلغ 50،000 روپے بطور زرِ ضمانت جمع کروانا لازمی ہو گا۔ کامیاب بولی دہندہ کو کل بولی کی قیمت کا 1/4 حصہ موقع پر جمع کروانا ہو گا اور کامیاب بولی دہندہ کو 15 دن کے اندر باقی رقم جمع کروانا لازمی ہو گی۔
2. کامیاب بولی دہندہ کی زرِ ضمانت حتمی ادائیگی میں شمار ہو گی، جبکہ ناکام بولی دہندگان کو رقم واپس کر دی جائے گی۔
3. سب سے زیادہ بولی مجاز اتھارٹی کی منظوری سے مشروط ہو گی۔
4. کامیاب بولی دہندہ مکمل رقم مقررہ مدت کے اندر جمع کروانے کا پابند ہو گا۔
5. فصل کی کٹائی، نقل و حمل اور دیگر تمام اخراجات کامیاب بولی دہندہ خود برداشت کرے گا۔
6. کسی قسم کا ٹیکس، سیلز ٹیکس یا دیگر حکومتی محصولات حسب رائج قوانین کے مطابق لاگو ہوں گے جو کامیاب بولی دہندہ ادا کرنے کا پابند ہو گا۔
7. کامیاب بولی دہندہ برسیم کی فصل کی تمام کٹائیاں اور اٹھوائی 30 اپریل 2027ء تک مکمل کرنے کا پابند ہو گا۔ مقررہ تاریخ کے بعد ادارہ رقبہ اور فصل پر دوبارہ قبضہ حاصل کرنے کا مجاز ہو گا۔
8. فصل کی کٹائی کے دوران فارم کی املاک، فصلوں اور آبپاشی کے نظام کو کسی قسم کا نقصان نہیں پہنچایا جائے گا۔
9. کامیاب بولی دہندہ نیلامی کے حقوق کسی دوسرے شخص کو منتقل نہیں کر سکے گا۔
10. شرائط و ضوابط کی خلاف ورزی کی صورت میں زرِ ضمانت ضبط کرنے کا اختیار ادارے کو حاصل ہو گا۔
11. ادارہ کسی بھی بولی کو قبول یا مسترد کرنے کا حق محفوظ رکھتا ہے۔
12. بولی کے دوران تمام معاملات کا حتمی فیصلہ چیف ایگزیکٹو آفیسر پی ایل ڈی ڈی بی کا ہو گا اور اس کے خلاف کسی قسم کی قانونی چارہ جوئی نہ کی جا سکے گی۔

مزید معلومات کے لیے رابطہ کریں

سینئر مینیجر آپریشنز: 0327-8888082
ایگری کلچر مینیجر: 0327-8888089
مینیجر ایڈمن: 0313-8668486